# Rajasthan Public Service Commission - 2017

**Ques**: 150
**Time**: 150 Mins

**Paper** : Sr. Teacher Urdu Exam 2016
Exam Date 07.07.2017

Ques # :1

مندرجہ ذیل میں سے کس لفظ کا املا غلط ہے ؟

1) حیات
2) نشات
3) بالآخر
4) بالیقیں

Ques # :2

مندرجہ ذیل میں سے کس لفظ کا املا درست ہے ؟

1) تجاحل عارفانہ
2) حسن تالیل
3) مراعاۃ النذیر
4) لف و نشرمرتب

adda247

Ques # :3

میرامّن کو کس شخص کے ذریعے فورٹ ولیم کالج کلکتہ میں ملازمت ملی تھی ؟

1) نہال چند لاہوری
2) مرزا علی لُطف
3) میر بہادر علی حسینی
4) مظہر علی خاں ولاّ

Ques # :4

مندرجہ ذیل میں سے کسے " لسان العصر " کہا گیا ہے ؟

1) اکبر الآبادی کو
2) کنھیّا لال کپور کو
3) پطرس بخاری کو
4) میر انیس کو

---

Ques # :5

افسانہ " چوتھی کا جوڑا " میں جس لڑکی کے پیغام کا تذکرہ کیا گیا ہے ، اس کا کیا نام تھا ؟

1) ناظرہ
2) کبریٰ
3) عذرا
4) صُغرا

---

Ques # :6

سبق " سویرے جو کل آنکھ میری کھلی " کے مطابق مصنفؔ کے پڑوسی کا کیا نام تھا ؟

1) لالہ جٹا شنکر
2) لالہ دیا شنکر
3) لالہ کرپا شنکر
4) لالہ مول شنکر

---

Ques # :7

adda247

مندرجہ ذیل میں سے غالبؔ کا مکتوب الیہ کون ہے ؟

1) منشی ہر گوپال تفتہؔ
2) میر تقی میرؔ
3) میرزا محمد رفیع سوؔدا
4) خواجہ میر دؔرد

---

Ques # :8

زبان کی ابتدا ، ارتقا اور اس کی تشکیل کے قانون کا علم کہلاتا ہے :

1) علم لسانیات
2) علم بیان
3) علم بدیع
4) صنائع لفظی و معنوی

---

Ques # :9

adda 247

نظم " نیکی اور بدی "کس ہیئت میں تخلیق ہوئی ہے ؟

1) مربّع
2) مخمّس
3) مسدّس
4) مثلّث

---

Ques # :10

سراج الدین خان آرزوؔ اور ظہور الدین حاتمؔ کا تعلق کس دلبستانِ شاعری سے تھا ؟

1) دلبستانِ دہلی سے

2) دبستانِ رام پور سے
3) دبستانِ لکھنؤ سے
4) دبستانِ عظیم آبادی سے

---

Ques # :11

معنی کے لحاظ سے فعل کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں ؟

1) دو
2) آٹھ
3) پانچ
4) تین

---

Ques # :12

ڈرامہ "یہودی کی لڑکی" کا نسوانی کردار مندرجہ ذیل میں سے کون سا ہے ؟

1) مارکس
2) عذرا
3) حنا
4) کیشش

adda247

---

Ques # :13

" بے لطف مضمون آفرینی "کس دلبستانِ شاعری کی خصوصیات میں شامل ہے ؟

1) دبستانِ لکھنؤ
2) دبستانِ عظیم آباد
3) دبستانِ دہلی
4)

دبستانِ رام پور

---

Ques # :14

کنھیا لال کپور کی تحریر " غالب جدید شعراء کی ایک مجلس میں "
کس زمرے میں آتی ہے ؟

1) سیرت نگاری
2) رپور تاژ نگاری
3) مرقع نگاری
4) طنزو مزاح

---

Ques # :15

اردو میں علامتی افسانے کا آغاز ہوا ؟

1) 1857 ء کے بعد
2) 1875 ء کے بعد
3) 1936 ء کے بعد
4) 1960 ء کے لگ بھگ

---

Ques # :16

خط کے مترادف کے طور پر مندرجہ ذیل میں سے کون سا لفظ استعمال ہوتا ہے ؟

1) مرقع
2) مراسلہ
3) سرگذشت
4) خود نوشت

---

adda247

Ques # :17

القاب و آداب کا اہتمام کس قسم کی تحریر میں کیا جاتا ہے ؟

1) خطوط نگاری میں

2) تحقیقی مقالے میں

3) مضمون میں

4) خاکہ نگاری میں

---

Ques # :18

دہلی میں کس شخص نے ملاقات کے دوران ولّی کو یہ مشورہ دیا تھا کے دکنی الفاظ کا استعمال کم کرو اور ان کی جگہ فارسی کے شیرین الفاظ کا استعمال کرو ۔

1) خواجہ میر دردؔ نے

2) سعد اللہ گلشن نے

3) خاں آرزوؔ نے

4) میر تقی میرؔ نے

---

Ques # :19

سبق " زبانوں کا گھر ہندوستان " سیّد احتشام حسین کی کس کتاب میں شامل ہے ؟

1) داستانِ زبانِ اردو

2) اردو کی کہانی

3) اردو

4) اردو ادب کی تاریخ

---

Ques # :20

"ایران میں اجنبی" کس کا مجموعۂ کلام ہے ؟

1) سجّاد ظہیر کا
2) اکبؔر الہ بادی کا
3) جوشؔ ملیح آبادی کا
4) ن ـ م ـ راؔشد کا

---

Ques # :21

مولانا اسماعؔیل میرٹھی کا انتقال کب ہوا ؟

1) 1971ء میں
2) 1957ء میں
3) 1917ء میں
4) 1972ء میں

---

Ques # :22

لفظ "تلخیص" کا متضاد ہے :

adda247

1) تعمیل
2) تحویل
3) تعمیر
4) تفصیل

---

Ques # :23

لفظ "خوش دامن" کا مذکّر ہے :

1)

خانم

2) خسر

3) پسر

4) ہم شیر

---

Ques # :24

ساحر لدھیانوی کی نظم "اے شریف انسانو ! " میں استعمال ہونے والے لفظ " زیست " کا کیا مطلب ہے ؟

1) زندگی

2) جذبۂ ایثار

3) روحِ تعمیر

4) احتیاج

---

Ques # :25

مولانا محمد حسین آزاد کس سرکاری اخبار کے سب ایڈیٹر تھے ؟

1) نوائے پنجاب

2) اتالیقِ پنجاب

3) بزمِ پنجاب

4) صدائے پنجاب

---

Ques # :26

لفظ " طبل " کا مترادف ہے :

1) سارنگی

2)

گٹار

3) سِتار

4) دَمامہ

---

Ques # :27

ن-م-راؔشد کا پورا نام کیا تھا ؟

1) نذر محمد راؔشد

2) نظر محمد راؔشد

3) نور محمد راؔشد

4) نظیر محمد راؔشد

---

Ques # :28

"ہم وحشی ہیں "کس کے افسانوں کا مجموعہ ہے ؟

1) قرۃ العین حیدر

2) کرشن چندر

3) عصمت چغتائی

4) سجّاد ظہیر

adda247

---

Ques # :29

میر امّن کا اردو نثر میں وہی مرتبہ کس نے بتایا ہے

جو اردو شاعری میں میر تقی میرؔ کو حاصل تھا ؟

1) رشید حسن خاں نے

2) شمس الرحمٰن فاروقی نے

3)

شبلی نعمانی نے

4) سر سید احمد خاں نے

---

Ques # :30

دلّی کالج کا پرنسپل کون تھا ؟

1) ڈاکٹر جان گل

2) ڈاکٹر گریرسن

3) پروفیسر آرنلڈ

4) ڈاکٹر اسپرنگر

---

Ques # :31

دلّی کالج سے متعلق کتاب بعنوان " مرحوم دہلی کالج " کے مصنف کون ہیں ؟

1) مولوی عبدالحق

2) ماسٹر رام چندر

3) امام بخش صہبائی

4) مفتی صدر الدین آزادہ

---

Ques # :32

پروفیسر مسعود حسین خان نے اردو کی جائے پیدائش قرار دیا ہے :

1) مدھیہ پردیش کو

2) دہلی اور اس کے گردونواح کو

3) خطۂ سندھ اور اس کے گردونواح کو

4) خطۂ جنوبی ہند کو

Ques # :33

" حدائق البلاغت " کا اردو ترجمہ کس نے کیا ؟

1) ڈپٹی نذیر احمد نے
2) غلام غوث بیخبر نے
3) امام بخش صہبائی نے
4) فقیر محمد خاں گویا نے

Ques # :34

مُعرّیٰ نظم کیسے کہتے ہیں ؟

1) جن میں قافیہ اور ردیف کی پابندی نہ ہو
2) جن میں ردیف و قوافی کی پابندی لازمی ہو
3) جن میں دو قافیے ہر شعر میں ہوں
4) جن میں وزن ضروری نہ ہو

adda247

Ques # :35

وہ کون ص نظم ہوتی ہے جس میں ارکانِ بحر کم یازیادہ ہوتے ہیں ؟

1) پابند نظم
2) نظمِ مُعرّیٰ
3) صنفِ نثم
4) آزاد نظم

Ques # :36

مولانا اسماعیل میرٹھی نے فارسی زبان کی تعلیم کس عالم سے حاصل کی ؟

1) مرزا عظیم بیگ سے
2) مرزا سلیم بیگ سے
3) نعیم بیگ سے
4) رحیم بیگ سے

---

Ques # :37

سجّاد ظہیر نے اپنے قیامِ لندن کے دوران کس ادبی شخصیت کی کوشش سے انجمن ترقی پسند مصنفین کی تشکیل کی تھی ؟

1) علامہ راشد الخیری
2) کرشن چندر
3) ملک راج آنند
4) فیض احمد فیضؔ

adda247

---

Ques # :38

خواجہ میر دردؔ کا سلسلۂ نسب کس سے ملتا ہے ؟

1) خواجہ بہاؤ الدین نقش بندی سے
2) خواجہ معین الدین چشتی سے
3) حضرت بندہ نواز گیسودراز سے
4) صوفی حمید الدین ناگوری سے

---

Ques # :39

نظم " شعاعِ اُمّید " اقبالؔ کے کس مجموعۂ کلام میں شامل ہے ؟

1) بانگِ درا

2) ارمغانِ حجاز

3) بالِ جبریل

4) ضربِ کلیم

---

Ques # :40

صاحبِ فراش ہونا " محاورے کا کیا مطلب ہے ؟

1) ایسا بیمار ہونا کہ چارپائی سے نہ اٹھ سکے

2) کسی کو دیکھ کر بہت خوشی ظاہر کرنا

3) مصیبت سے بالکل بچ نکلنا

4) بھوکا رہنا مگر ایمانداری قائم رکھنا

---

adda247

Ques # :41

عرض کرنے یا ارضی پیش کرنے والے کو کیا کہتے ہیں ؟

1) مُبصّر

2) ملتمس

3) حکم دہندہ

4) مُفسر

---

Ques # :42

دلّی کالج کے پرنسپل کی نگرانی میں قائم کی گئی ادبی

انجمن کے روحِ رواں کون دو حضرات تھے ؟

1) ماسٹر رام چندر اور عبدالحق

2) امام بخش صہبائی اور ماسٹر رام چندر

3) فقیر محمد خاں گویاؔ اور اسپرنگر

4) نذیر احمد اور امام بخش صہبائی

---

Ques # :43

کرشن چندر کے بزرگوں کا تعلق کس خطّے سے تھا ؟

1) خطّۂ پنجاب سے

2) خطّۂ گجرات سے

3) خطّۂ صوبہ سرحد سے

4) خطّۂ کشمیر سے

---

Ques # :44

اکبر الہ آبادی شعر گوئی میں کس سے تلمذ رکھتے تھے ؟

1) امیؔر مینائی سے

2) وحیؔد شاگردِ آتشؔ سے

3) سید ضامن علی جلاؔل سے

4) محسؔن کاکوروی سے

---

Ques # :45

دبستان لکھنؤ سے متعلق کس شاعر نے شاعری

کو " مرقّع ساز " کا نام بتایا تھا ؟

1) حیدر علی آتشؔ نے
2) امام بخش ناسخؔ لکھنوی نے
3) پنڈت دیا شنکر نسیمؔ نے
4) آزاد لکھنوی نے

---

Ques # :46

شبلؔی نعمانی نے عربی ادب ، معقولات اور فلسفے کی

تعلیم کس مشہور عالم سے حاصل کی تھی ؟

1) مولانا حبیب الرّحمن خاں شروانی نے
2) مولانا معین الدین ندوی نے
3) مولانا احمد رضا خاں بریلوی سے
4) مولانا محمد فاروق چریا کوٹی سے

---

Ques # :47

خاکہ نگاری کے لئے اور کون سی اصطلا ح استعمال ہوتی ہے ؟

1) افسانہ نگاری
2) سفر نامہ
3) مرقع نگاری
4) یاد نگاری

---

adda 247

Ques # :48

خواجہ حسن نظامی کی تخلیق ' مچھر ' کس صنف کے زمرے میں آتی ہے ؟

1) انشائیہ

2) خاکہ

3) خود نوشت

4) رپورتاژ

---

Ques # :49

مندرجہ ذیل میں سے خاکہ نگاری کی مثال ہے :

1) لاہور کا جغرافیہ

2) نذیر احمد کی کہانی : کچھ انکی کچھ میری زبانی

3) سویرے جو کل آنکھ میری کھلی

4) سنیما کا عشق

---

Ques # :50

مشہور زمانہ نظم ' ایک دیہاتی لڑکی کا گیت ' کس شاعر کی تخلیق ہے ؟

1) افسر میرٹھی

2) آغا حشر کشمیری

3) اختر شیرانی

4) اسماعیل میرٹھی

---

Ques # :51

adda247

"خدا کے نام خط" کس زبان کی لوک کہانی کا اردو میں ترجمہ ہے ؟

1) اسپینی
2) جرمنی
3) روسی
4) انگریزی

---

Ques # :52

جس مضمون میں کوئی بات دلائل کے ذریعہ ثابت کی جائے، اس مضمون کو کہتے ہیں :

1) مباحثی
2) فکری
3) حکایتی
4) استدلالی

---

Ques # :53

ڈرامہ نگار حبیب تنویر کے نام میں ' تنویر ' کیا ہے ؟

1) القاب
2) والد کا نام
3) تخلص
4) خطاب

---

Ques # :54

عصمت چغتائی کی خود نوشت سوانح کا کیا نام ہے ؟

1) کارِ جہاں دراز ہے

adda247

2) میرا افسانہ
3) کاغذی ہے پیرہن
4) میری دنیا

---

Ques # :55

نظم " البلبلی صبح " میں طیور شاخوں پر کیا گا رہے ہیں ؟

1) غزل
2) نظم
3) حمد
4) قوالی

---

Ques # :56

افسانہ " چوتھی کا جوڑا " میں راحت کون تھا ؟

1) بڑے ماموں کا منجھلا لڑکا
2) بڑے ماموں کا بڑا لڑکا
3) منجھلے ماموں کا بڑا لڑکا
4) منجھلے ماموں کا منجھلا لڑکا

---

Ques # :57

لفظ ' خوشامید ' میں کون سا 'واو' استعمال ہوا ہے :

1) واو معروف
2) واو مجہول
3) واو عطف
4) واو معدولہ

Ques # :58

واؤ معدولہ کس لفظ میں نہیں ہے ؟

1) خوش
2) درخواست
3) خوب
4) خواہش

Ques # :59

کریم ایک ذہین لڑکا تھا — اس جملہ میں 'تھا' ہے :

1) فعل مجہول
2) فعل ناقص
3) فعل لازم
4) فعل متعدی

adda247

Ques # :60

کس محقق کے مطابق اردو کی ابتداد کن سے ہوئی ؟

1) محمود شیرانی
2) احتشام حسین
3) محمد حسین آزاد
4) نصیر الدین ہاشمی

Ques # :61

مندرجہ ذیل میں سے کون دہلی کالج کے اساتذہ میں شامل نہیں ہے ؟

1) نہال چند لاہوری

2) امام بخش صہبائی

3) ماسٹر رام چندر

4) ماسٹر پیارے لال

---

Ques # :62

کون سا شاعر دبستانِ دہلی میں شامل نہیں ہے ؟

1) سَودا

2) آبرَو

3) ناسخؔ

4) حاتم

---

Ques # :63

میر امّن کی کتاب "گنج خوبی "کس فارسی کتاب کا اردو ترجمہ ہے ؟

1) قصّہ چہارد رویش کا

2) قصّہ حسنو دل کا

3) اخلاق محسنی کا

4) قصّہ مہر و ماہ کا

---

Ques # :64

علاّمہ شبلؔی نعمانی نے اعظم گڑھ میں کس ادارہ کی بنیاد ڈالی؟

1) دارالترجمہ کی

adda247

2) دارالمصنفین کی

3) ندوۃ العلماء کی

4) مدارس درس و تدریس کی

---

Ques # :65

مندرجہ ذیل میں سے کرشن چندر کا افسانوی مجموعۂ کون سا نہیں ہے ؟

1) نظارے

2) شکست

3) زندگی کے موڑ پر

4) ٹوٹے ہوئے تارے

---

Ques # :66

تہنیتی خط لکھا جاتا ہے ؟

1) خوشی کے موقع پر

2) غم کے موقع پر

3) تعیناتی کے لیے

4) شکایت کے لیے

---

Ques # :67

مندرجہ ذیل میں سے کون سی املا درست ہے ؟

1) تاق

2) طیش

3) تعویز

4)

تلاق

---

Ques # :68

' بے بہا ' کے کیا معنی ہیں ؟

1) کم قیمتی
2) بہت قیمتی
3) بیکار
4) مفت

---

Ques # :69

نظم " نیکی اور بدی " میں کس ہتھیار کا ذکر نہیں ہوا ہے ؟

1) شمشیر
2) بندوق
3) سناں
4) گرز

adda 247

---

Ques # :70

اختر شیرانی کا اصل نام کیا ہے ؟

1) محمد شبیر
2) محمد داؤد خاں
3) اختر حسین
4) محمود خاں

---

Ques # :71

مصوّرِ فطرت کے لقب سے کسے یاد کیا جاتا ہے ؟

1) راشید الخیری
2) اختر شیرانی
3) خواجہ حسن نظامی
4) جوش ملیح آبادی

---

Ques # :72

کسی زبان کے بولنے اور لکھنے کے جو اصول ہوتے ہیں ، اسے کہتے ہیں :

1) اسم خاص
2) قواعد
3) ضمیر
4) اسم کیفیت

---

Ques # :73

لفظ " سامع " کا معنی ہے :

1) سامنہ کرنا
2) گھر کا سب سے بڑا دروازہ
3) سننے والا
4) ان میں سے کوئی نہیں

adda247

---

Ques # :74

وہ نہیں آیا – میں آج نہیں جاؤنگا – ان جملوں میں ضمیر یں ہیں :

1) وہ اور آج
2) وہ اور میں
3)

آیا اور میں
4) نہیں اور نہیں

---

Ques # :75

تذبذب کے معنی کیا ہے ؟

1) شک وشبہ
2) گنہ گار
3) مجرم
4) علاج کرنا

---

Ques # :76

مندرجہ ذیل میں سے لفظ " قِلّت " کا متضاد کون سا ہے ؟

1) کمی
2) رذیل
3) کثرت
4) تلخیص

adda247

---

Ques # :77

مندرجہ ذیل میں سے کونسا اِملا درست نہیں ہے ؟

1) عبادت
2) عبارت
3) عیثار
4) اوزار

---

Ques # :78

لفظ "شعور" کے معنی کیا ہیں ؟

1) پرسکون

2) عقل

3) حقیر

4) پرشوق

---

Ques # :79

مرسوم کی جمع کیا ہے ؟

1) مرسوم.

2) مرسوموں

3) مراسمیں

4) مراسیم

---

Ques # :80

دولت مند دکان دار نے گھوڑا کس سے خریدا تھا ؟

1) جاپانی سے

2) عربی سے

3) چینی سے

4) ہندوستانی سے

---

Ques # :81

قیمتی لباس جو کسی بادشاہ کی جانب سے کسی کو

اعزاز کے طور پر دیا جائے،اسے کہتے ہیں –

1)

adda247

خلعت

2) عبا

3) عمامہ

4) قبا

---

Ques # :82

"سبق آدمی کی کہانی" کا مضمون کا مصنف کون ہے ؟

1) نظیؔر اکبر آبادی

2) محمد مجیب

3) اکبؔر الہ آبادی

4) سیّد احتشام حسین

---

Ques # :83

نظیؔر اکبر آبادی کی نظم " نیکی اور بدی " میں " نہرنی "کیسے کہا گیا ہے ؟

1) ظالم کا ظلم

2) ناخن کاٹنے کا آلہ

3) بہتا ندی نالہ

4) عدل پرستی

---

Ques # :84

ڈرامہ "انارکلی "کس کی تصنیف ہے ؟

1) امانت

2) کرشن چندر

3) امتیاز علی تاؔج

4)

آغا حشر

---

Ques # :85

دراوڑ کون سی زبانیں بولتے تھے ؟

1) تامل اور مراٹھی
2) اردو اور ہندوستانی
3) تامل اور تیلگو
4) ان میں سے کوئی نہیں

---

Ques # :86

محمد اقبال کی پیدائش کب اور کہاں ہوئی تھی ؟

1) سیالکوٹ 1938ء
2) کشمیر 1938ء
3) سیالکوٹ 1877ء
4) کشمیر 1877ء

adda 247

---

Ques # :87

ڈرامہ کارتوس میں کس زمانے کا ذکر ہے ؟

1) 1799ء
2) 1899ء
3) 1699ء
4) 1999ء

---

Ques # :88

دورنگی سوں تری اے سرو رعنا

کبھو راضی کبھو بیزار ہیں ہم

شعرکس شاعر کا ہے ؟

1) دؔرد
2) ولؔی دکنی
3) آتشؔ
4) غالبؔ

---

Ques # :89

دودھ پلانے والی دائی ،یہ وہ سامان جو چھٹی کے دن بچّے اور اس کی

ماں کے لیے زچہ کی ماں کے گھر سے آتا ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟

1) چھوچھک
2) پنڈی
3) دھنک گوکھرو
4) عتاب نامہ

adda247

---

Ques # :90

میر ببر علی انیس کا انتقال کب ہوا تھا ؟

1) 1774ء
2) 1802ء
3) 1874ء
4) 1885ء

---

Ques # :91

سر سید نے اپنی بات کہنے کے لئے کونسی نثر کی بنیاد ڈالی؟

1) دقیق نثر

2) مقفّع نثر

3) مسجّع نثر

4) استدلائی نثر

---

Ques # :92

سر سید کے انگلستان جانے کا مقصد کیا تھا ؟

1) سیر و تفریح

2) تاریخی عمارتوں کا جائزہ لینا

3) عزیزوں سے ملنا

4) انگلستان کے تعلیمی اداروں کا مطالعہ کرنا

---

Ques # :93

adda247

پریم چند کے افسانوں کی خصوصیت ہے :

1) اصلاح پسندی

2) رومانیت

3) مافوق الفطرت عناصر

4) طنزو مزاح

---

Ques # :94

راشد الخیری نے کونسے رسالے سے مضامین لکھنے کا آغاز کیا ؟

1)

مخزن

2) عصمت

3) تمدّن

4) سہیلی

---

Ques # :95

کس مشہور فلاسفر نے ڈرامے کو" عمل کی نقل "کہا ہے ؟

1) افلاطون

2) ارسطو

3) سقراط

4) بھرت متی

---

Ques # :96

امانت لکھنوی کے ڈرامہ اندر سبھا میں ہیرو کا نام کیا ہے ؟

1) گلفام

2) احتشام

3) آفتاب

4) ماہتاب

---

Ques # :97

احسن لکھنوی نے شیکسپیئر کا کونسا ڈرامہ نقل کر کے اردو میں بنتقل کیا ؟

1) صیدِ ہوس

2) یہودی کی لڑکی

3) نگاہِ غفلت

adda247

4) خونِ ناحق

---

Ques # :98

میر شیر علی افسوس نے شیخ سعدی کی کس کتاب

کا ترجمہ " باغ اردو " کے نام سے کیا ؟

1) بوستاں
2) گلستاں
3) ہفت پیکر
4) گلزار دانش

---

Ques # :99

شعرائے اردو کا تذکرہ " گلشنِ ہند " کے نام سے کس نے تصنیف کیا ؟

1) میر امّن
2) حیدر بخش حیدری
3) میر شیر علی افسوس
4) کاظم علی جوان

---

Ques # :100

شوخی و ظرافت سب سے زیادہ کس سے خطوط میں پائی جاتی ہے ؟

1) حالی
2) غالب
3) سر سیّد
4) اقبال

adda247

Ques # :101

'سوز وطن' کس کا افسانوی مجموعۂ ہے ؟

1) کرشن چندر

2) پریم چندر

3) راجندر سنگھ بیدی

4) عصمت چغتائی

Ques # :102

"حیاتِ سعدی" کس کی سوانحی تصنیف ہے ؟

1) شبلی

2) حالؔی

3) سلیم الدّین پانی پتی

4) وحید الدّین سلیمؔ

adda247

Ques # :103

مندرجہ ذیل میں سے شبلی کی تصنیف کون سی ہے ؟

1) سیرۃ النعمان

2) حیاتِ سعدی

3) یادگارِ غالب

4) حیاتِ جاوید

Ques # :104

کس شاعر نے آپ بیتی کو جگ بیتی بتا دیا ؟

1) غالب
2) مومن
3) شیفتہ
4) میرؔ

---

Ques # :105

' برکھا رت ' اور 'مناجاتِ بیوہ' کے نظم نگار کون ہیں ؟

1) حالی
2) شیفتہ
3) محمد حسین آزاد
4) اقبال

---

Ques # :106

الفاظ کا وہ مجموعۂ جسے ہر شعر کے آخری میں دہرایا جاتا ہے :

1) قافیہ
2) ردیف
3) مطلع
4) مقطع

---

Ques # :107

قصیدے کے اجزا میں سب سے پہلے کون سا جُز آتا ہے ؟

1) مدح
2) گریز

3) تشبیب

4) دعا

---

Ques # :108

مرثیے عموماً کس ہیت میں لکھے جاتے ہیں ؟

1) مخمّس

2) مسدس

3) مثمن

4) مسمط

---

Ques # :109

" ہم جانتے ہیں ، اور ہم کیا ، دنیا جانتی ہے کہ کیسا ہی ظالم

اور کتنا ہی کرو کیوں نہ ہو ، مرد ہو ، عورت ہو، سنگ دل ہو ،

رحم دل ہو ، ظلم کی سزا ، نیکی کا بدلہ دنیا میں نہیں ملتا "

مندرجہ ذیل بالا عبارت کس کتاب سے ماخوذ ہے ؟

1) اپنی مدد آپ

2) نمک کا داروغہ

3) مظلوم کی فریاد

4) لکھنوی کی رئیسانہ زنگی کی ایک جھلک

---

Ques # :110

احسن اللہ خان کس سبق کا کردار ہے :

1) یارباش
2) شیخ پیرو
3) مظلوم کی فریاد
4) اپنی مدد آپ

---

Ques # :111

راشد الخیری کا انتقال کس سنِ عیسوی میں ہو تھا؟

1) 1935
2) 1936
3) 1937
4) 1938

---

Ques # :112

'کربل کتھا' کس کتاب کا ترجمہ ہے؟

1) نوطرز مرصّع
2) روضتہ الشہدا
3) گنجِ خوبی
4) آرائش محفل

---

Ques # :113

"علم سے عمل نہیں آ جاتا – علم کو عمل میں

لانا علم سے باہر اور علم سے برتر ہے"۔

یہ جملہ کس سبق سے ماخوذ ہے؟

adda247

1) نمک کا داروغہ
2) شیخ پیرو
3) اپنی مدد آپ
4) یارباش

---

Ques # :114

میرزا کاظم علی جوآن کی " بارہ ماسیہ " میں کس کا بیان ہے ؟

1) ہندوستان کے تہواروں اور فصلوں کا
2) عشق و محبت کے جذبات کا
3) حکومت کے عروج و زوال کا
4) ہندوستان کی ادب تاریخ کا

---

Ques # :115

میر حیدر بخش حیدری کی "آرائش محفل "کس کا ترجمہ ہے ؟

1) روضتہالشہدا کا
2) طوطا کی کہانی کا
3) گلزار دانش کا
4) حاتم طائی کا

---

Ques # :116

ناصر علی خاں کی فارسی کتاب " ہفت گلشن "کا جمہ کس نے کیا ؟

1) نہال چند لاہوری
2) میرزا کاظم علی جوآن
3)

adda247

مظہر علی خاں ولاؔ

4) میرزا علی لطفؔ

---

Ques # :117

مندرجہ ذیل میں سے کون سا ڈرامہ آغا حشر کا نہیں ہے ؟

1) لیل و نہار

2) مارِ آستین

3) سفید خون

4) اسیرِ حرص

---

Ques # :118

" سو کوس سے بزبان قلم باتیں کیا کرو اور ہجر مین

وصال کے مزے لیا کرو"۔ کس کا قول ہے ؟

1) محمد حسین آزاد

2) غلام غوث بیخبر

3) مولانا ابوالکلام آزاد

4) غالبؔ

---

Ques # :119

" حیات جاوید "کس شخصیت کی سوانح حیات ہے ؟

1) حالیؔ کی

2) غالبؔ کی

3) سر سیدؔ کی

adda247

4) شبلؔی کی

---

Ques # :120

اردو میں سوانح نگاری کا موجد کسے کہا جاتا ہے؟

1) سر سیّد کو
2) حالؔی کو
3) شبلؔی کو
4) محمد حسین آزاد کو

---

Ques # :121

مندرجہ ذیل شعر میں سے کس شاعر کو "تنک مزاج" کہا جاتا ہے؟

1) دردؔ
2) سوداؔ
3) میرؔ
4) غالبؔ

adda247

---

Ques # :122

مومؔن نے عربی تعلیم کس سے حاصل کی؟

1) شاہ رفیع الدین
2) شاہ عبدالقادر
3) شاہ ولی اللہ
4) امام بخش شہبائی

---

Ques # :123

مومنؔ کی پردہ نشیں محبوبہ شاعرہ کا تخلص کیا تھا ؟

1) تاجؔ
2) حجابؔ
3) حبابؔ
4) شبابؔ

---

Ques # :124

حالیؔ نے اپنی کس نظم میں مسلمانوں کی ترقی اور تنزلی کے اسباب دکھائے ہیں ؟

1) مدوجزر سلام
2) حب وطن
3) نشاط امید
4) برکھا رُت

---

Ques # :125

اس صنف سخن کو کیا کہتے ہیں جس کے ہر شعر کا مضمون الگ ہوتا ہے ؟

1) نظم
2) قصیدہ
3) مرثیہ
4) غزل

---

Ques # :126

جس صنف میں کسی کی مدح یا ہجو بیان کی جائے کیا کہلاتی ہے؟

1) غزل

adda247

2) قصیدہ

3) مرثیہ

4) مثنوی

---

Ques # :127

بخدا فارسِ میدانِ تہوّر تھا حرؑ – کس شاعر کا لکھا ہوا مرثیہ ہے ؟

1) میر انیسؔ

2) میرزا دبیرؔ

3) میر ضمیرؔ

4) منیرؔ

---

Ques # :128

"شہادت "کس صنف کا حصّہ ہے ؟

1) غزل

2) قصیدہ

3) مرثیہ

4) مثنوی

adda247

---

Ques # :129

چھوٹے سے چاند میں ظلمت بھی روشنی بھی –

نکلا کبھی گہن سے آیا کبھی گہن میں –

مندرجہ بالا شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے ؟

1) تشبیہ

2)

استعارہ

3) تلمیح

4) ایہام

---

Ques # :130

درد منت کش دوانہ ہوا — میں نہ اچھّا ہوا ، برا نہ ہوا

مندرجہ بالا شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے ؟

1) مبالغہ

2) تضاد

3) ایہام

4) حسن تعلیل

---

Ques # :131

ہم نے پہلے کی نثری عبارت کو درجہ کے سامنے پڑھا پھر

اس کا کوئی ایک جملہ بورڈ پر لکھا — اب اس جملہ کے

کسی ایک لفظ کے اجزاء کے سلسلے میں درجہ سے بات

کرتے ہیں ، تو طریقۂ کار کہلائیگا۔

1) انگریزی طریقہ

2) تحلیلی طریقہ

3) ترکیبی طریقہ

4) تشریحی طریقہ

---

adda247

Ques # :132

لیکچر کا طریقۂ تدریس کم سے کم استعمال ہونا چاہیے :

1) چھوٹے بچوں کی تعلیم میں
2) اعلیٰ ثانوی درجات کے طلبہ میں
3) ثانوی درجات کے طلبہ میں
4) خصوصی توجہ والے طلبہ کے لیے

---

Ques # :133

پڑھنا سکھانے کے لئے صوتی طریقۂ کار ہیں :

1) حروف صحیح پہلے سکھائے جاتے ہیں
2) لفظ پہلے سکھائے جاتے ہیں
3) مہمل لفظ پہلے سکھائے جاتے ہیں
4) حروفِ علت پہلے سکھائے جاتے ہیں

---

Ques # :134

پڑھنا سکھانے کے لئے جملہ واری طریقہ اپنانے کے لئے دلیل دی جاتی ہے کہ :

1) اس میں اردو قاعدے کی خاص ضرورت ہوتی ہے
2) اس میں گیسٹا لٹ نظریہ کار فرما ہوتا ہے
3) اس میں تحلیل کا عمل تیزی سے کار فر ما ہوتا ہے
4) اس میں خوانگی کی مہارتوں پر بھرپور توجہ دی جاتی ہے

---

Ques # :135

لکھنا سکھانے کے ابجدی طریقہ ہیں :

1) تحلیل سے ترکیب کی طرف اقدام ہوتا ہے –
2) معلوم سے نا معلوم کی طرف اقدام ہوتا ہے –
3) نا معلوم سے معلوم کی طرف اقدام ہوتا ہے –
4) مرکب سے مفرد کی طرف اقدام ہوتا ہے –

---

Ques # :136

وہ طریقۂ تدریس جس میں طلبہ کی حیثیت محض انفعالی ہوتی ہے :

1) کا طریقہ
2) لیکچر کا طریقہ
3) تحقیق طریقہ
4) طریقہ

---

Ques # :137

تدریس کا وہ طریقہ جس میں بچہ کی حیثیت ایک موجد دریافت کنندہ کی ہوتی ہے –

1) پروجیکٹ کا طریقہ
2) مطالعہ زیر نگرانی
3) تحقیقی طریقہ
4) طریقۂ تفویض

---

Ques # :138

تدریس قواعد میں استقرائی طریقہ کے ذریعہ :

1) زیادہ تر حافظے سے کام لینا پڑتا ہے۔
2) معلومات زیادہ اور تربیت کم ہوتی ہے۔
3) خود کر کے سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔
4) دوسروں کے بتانے پر زیادہ بھروسہ کرنا پڑتا ہے۔

---

Ques # :139

اعادہ میں کیے جانے والے سوالات کا مقصد یہ جاننا ہوتا ہے کہ :

1) طلبہ کی قدم بہ قدم رہبری کی جائے
2) طلبہ گذشتہ دن پڑھائے سبق کے بارے میں کیا جانتا ہے
3) طلبہ نے کس حد تک موادِ مضموں کو اپنے اندر سمو لیا ہے
4) طلبہ کے فعالِ تفکر کو بر دئے کار لانا

---

Ques # :140

استخراجی طریقے کے لیے کون سا جملہ درست نہیں ہے ؟

1) اس طریقے میں پہلے اسطلا حیں ، تعریفیں اور اصول رٹوائے جاتے ہیں –
2) یہ طریقہ پرائمری درجات کے بچوں کے لیے مضر ہے۔
3) اس طریقے میں مقرون سے مجرد کی جانب اقدام کرتے ہیں –
4) اس طریقے میں نامعلوم سے معلوم کی طرف اقدام ہوتا ہے۔

---

Ques # :141

دوران تدریس سوالات کرنے کا مناسب طریقہ یہ ہے کہ

1) پہلے ایک طالب علم کو کھڑا کیا جائے پھر اس سے سوال پوچھا جائے
2) اساتذہ اکرام سوال کو بار بار دوہرائیں

3) سوال کو بہت تیز رفتار سے جماعت کو سنایا جائے

4) پہلے پوری جماعت کو سوال سنایا جائے پھر جس طالب علم سے جواب لینا ہو اسکی طرف اشارہ کیا جائے

---

Ques # :142

تختہ سیاہ پر لکھنے کے لیے مدرس کو کس جانب کھڑا ہو کر لکھنا چاہئیے ؟

1) بائیں جانب

2) دائیں جانب

3) تختہ سیاہ کے آگے

4) کہیں بھی

---

Ques # :143

حروف تہجی کے بارے میں کون سا بیان غلط ہے ؟

1) یہ تدریس کا قدیم طریقہ ہے ۔

2) یونان ، مصر اور روم میں یہ طریقہ رائج رہا ہے ۔

3) انیسوی صدی تک اس کا بول بالا رہا ہے۔

4) یہ طریقہ اردو زبان کے لیے مفید ہے ۔

---

Ques # :144

مندرجہ ذیل میں سے کون سا جملہ درست نہیں ہے۔

1) تمہیدی سوالات بچوں کی سابقہ معلومات پر منحصر ہونی چاہیے ۔

2) چارٹ ، فلیش کارڈ، تختِ سیاہ اور ماڈلیں بصری معاون اشیاء ہیں۔

adda 247

3) ابجدی طریقے میں بچوں کو پہلے حروف ہی لکھنا سکھایا جاتا ہے ۔

4) استاد کو تختِ سیاہ کے دائیں جانب کھڑے ہوکر لکھنا چاہیے ۔

---

Ques # :145

کون ساتدریسی طریقہ کو حسّیاتی طریقہ بھی کہتے ہیں ؟

1) مانٹسوری کے طریقہ کو

2) پستا لوزی کے طریقہ کو

3) طریقہ تفویض کو

4) طریقہ تحقیق کو

---

Ques # :146

تدریسی مشاغل میں وہ کون سا نکتہ ہے جو نثر میں تو شامل ہوتا ہے لیکن نظم میں نہیں ؟

1) اعادہ

2) خاموش مطالعہ

3) تقلیدی بلندخوانی

4) نمونے کی بلندخوانی

---

Ques # :147

حروف لکھنے میں خط مستقیم اور خط منحنی کھینچنے کی مشق کس طریقے میں کی جاتی ہے ؟

1) ابجدی طریقہ

2) پستا لوزی کا طریقہ

3) مانٹسوری کا طریقہ

4) پڑھو اور لکھو طریقہ

---

Ques # :148

قواعد کی تدریس کے لیے کون طریقہ موثر ہے:

1) استخراجی
2) استقرائی
3) بیانیہ طریقہ
4) تحقیقی

---

Ques # :149

ذیل میں سے کن کا تعلق بصری اور سمعی توضیحات سے ہے ؟

1) فلم اور ٹیلی ویژن
2) ریڈیو اور گراموفون
3) درسی کتب اور تخت سیاہ
4) ریڈیو اور ٹیپ ریکارڈر

---

Ques # :150

ابتدائی منزل پہ تدریس زبان کے مقاصد میں سے بولنا اور

لکھنا سکھانے کی اہمیت نوعیت کے اعتبار سے کیسی ہے ؟

1) نظری
2) عملی
3)

نظری اور عملی دونوں

4) ان میں سے کوئی نہیں

---

adda247